جنوبی پنجاب کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں سب سے زیادہ پڑھا جانے والا اخبار

ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY MUSAFAH

روزنامہ مصافحہ وہاڑی پاکستان

چیف ایڈیٹر راؤ محمد رفیق

ایڈیٹر: راؤ محمد توصیف

REG:DD6124-28

Email:raorafiq-musafah@gmail.com
Fax:0673364057 Mob:03016574557

جلد نمبر 19 | منگل 16 شعبان المعظم 1445ھ 27 فروری 2024ء صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 43

کالج کے طلباوطالبات کا کتب بینی کی طرف راغب ہونا انتہائی ضروری ہے، محمود جاوید بھٹی

وفاقی محتسب کے ریجنل دفاتر عوام کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، ریجنل ہیڈ کا گورنمنٹ بوائز کالج میں آگاہی سیمینار سے خطاب

وہاڑی (رانا مہران سے) وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ریجنل ہیڈ ملتان محمود جاوید بھٹی نے وہاڑی کا دورہ کیا اور گورنمنٹ بوائز کالج وہاڑی میں ادارہ کی افادیت و اہمیت کے موضوع پر آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں مہمان خصوصی مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی تھے اس موقع پر پرنسپل پروفیسر محمد سعید، پروفیسر ڈاکٹر راؤ محمد سہیل اسلم، پروفیسر حمزہ ذکا، پروفیسر محمد رضوان راؤ، پروفیسر اختر شہزاد، پروفیسر عمر شیخ، پروفیسر ثمینہ ناز لائبریرین، شہزادہ بھٹی، طلبا اور اساتذہ کرام کی کثیر تعداد موجود تھی مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے کہا کہ وفاق کے زیر انتظام سرکاری محکموں بارے عوامی شکایات اور مسائل کے جلد حل کے لیے وفاقی محتسب کا ادارہ ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہا ہے کسی وکیل کے بغیر بلا تاخیر، بلا تفریق، بلا تعطل سائلین کے مسائل حل کر رہا ہے اور وفاقی محتسب عوامی شکایات کے حل کیلئے سب سے آگے ہے انہوں نے مزید نے کہا کہ شہری کسی بھی وفاقی محکمے کے خلاف سادہ کاغذ پر درخواست یا 1055 پر ایس ایم ایس یا واٹس ایپ، انسٹاگرام یا ای میل کے ذریعے اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں سائل کی درخواست کی سماعت کے حوالے سے درخواست گزار کو ایس ایم ایس بھیجا جاتا ہے اور 60 دن کے اندر سائل کے مسئلہ کو حل کیا جاتا ہے سیمینار میں مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ادارہ وفاقی محتسب کے اغراض و مقاصد، افادیت اور کارکردگی سے طلبا و طالبات کو آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ کے ویژن کے مطابق عوام کو انصاف کی فراہمی جاری ہے ادارہ وفاقی محتسب کے ریجنل دفاتر عوام کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں اور وفاقی اداروں سے متعلق شکایات لوگوں کو ان کی دہلیز پر انصاف مہیا کر رہے ہیں سیمینار کے اختتام پر ایڈوائزر وفاقی محتسب محمود جاوید بھٹی نے طلبا و طالبات کے سوالوں کے جوابات بھی دیئے قبل ازیں ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید نے کالج کی لائبریریز کا وزٹ بھی کیا اور طلبا و طالبات کا کتب بینی کے حوالہ سے دلچسپی کا جائزہ لیا اور لائبریری سٹاف سے روزانہ کی بنیاد پر طلبہ کی لائبریری سے بکس کے حصول کی معلومات بھی لیں اور کہا کہ کالج کے طلبا و طالبات کا کتب بینی کی طرف راغب ہونا انتہائی ضروری ہے کیونکہ طلبا و طالبات مستقبل کا سرمایہ ہیں انکا کتب بینی سے لگاؤ ہونا چاہیے کتب بینی سے علم اور شعور میں اضافہ ہوتا ہے بعد ازاں ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ڈپٹی کمشنر وہاڑی کمپلیکس میں کھلی کچہری لگائی کھلی کچہری میں محکمہ میپکو، سوئی گیس اور پی ٹی سی ایل اور دیگر محکموں سے متعلقہ 41 شکایات کی سماعت کی اور جلد حل کے لیے احکامات صادر کئے۔



وہاڑی: مشیر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی گورنمنٹ بوائز کالج وہاڑی کی لائبریری میں طلباء وطالبات کی طرف سے کتب بینی میں دلچسپی بارے دریافت کر رہے ہیں۔